12.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... شگفتہ یاسمین

Music

☆ بھارت نے برطانیہ کے ساتھ اقتصادی اشتراک کو مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ 2030 تک باہمی تجارت کو دوگنا کرنے کا ہدف رکھا ہے۔

☆ مرکز نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں پر زور دیا ہے کہ وہ طبی اداروں کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات اور سہولتوں کے عوض شرحوں کو نمایاں طور پر ظاہر کرنے کو یقینی بنائیں۔

☆ حکومت، مہاراشٹر اور کرناٹک میں گنا کسانوں کی شکایات کے ازالے کی خاطرایک اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کریگی۔

☆ نئی دلّی میں جنترمنتر اب احتجاج کا مقام نہیں ہے۔ دلّی پولیس نے احتجاج اور مظاہروں کیلئے تین نئے مقامات نامزد کئے ہیں۔

☆ امریکی اقتصادی ماہرین Robert E. Hall اور Michael Woodford کو اقتصادیات کے شعبے میں 2026 کا نوبل انعام دیا گیا ہے۔

☆ اور بھارتی موسمیات محکمے نے کل تک دلّی، ہریانہ، پنجاب اور چھتیس گڑھ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

Goyal India UK

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے سال 2030 تک بھارت اور برطانیہ کے درمیان دوطرفہ تجارت کے حجم کو دوگنا کرنے کی اپیل کی ہے۔ آج نئی دِلّی میں بھارت–برطانیہ مشترکہ معاشی اور تجارتی کمیٹی، JETCO کے 16ویں اجلاس کے تحت منعقد مکمل JETCO کاروباری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے یہ بات کہی۔ اُنہوں نے پائیدار مصروفیات، مضبوط ادارہ جاتی میکانزم اور اشتراک میں اضافے کے ذریعے بھارت–برطانیہ اقتصادی تعاون کو وسعت دینے کے تئیں بھارت کے عزم کی توثیق کی۔ جناب گوئل نے کہا کہ یہ دونوں ملکوں کیلئے کاروبار کے نئے امکانات پیدا کرے گا۔

جناب گوئل نے بھارت اور برطانیہ دونوں ملکوں کے کاروباریوں سے بھارت–برطانیہ جامع اقتصادی اور

تجارتی سمجھوتے، CETA کے ذریعے پیدا ہونے والے امکانات کو تجارت، سرمایہ کاری، شراکت داری اور ملازمتیں پیدا کرنے تک وسعت دینے کو کہا۔ موجودہ تجارتی تکمیلات کو نمایاں کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ بھارت، اسمارٹ فونز، فارماسیوٹیکل مصنوعات، زیورات، چاول اور مخصوص زرعی پیداوار کا بڑا برآمد کار رہا ہے۔

دوسری جانب جناب گوئل نے پٹرولیم ویلوچین، الیکٹریکل اور الیکٹرانکس آلات کے شعبوں میں ٹیکنالوجی مصنوعات، ادویات اور موٹر کار مصنوعات کے شعبے میں برطانیہ کی تسلیم شدہ صلاحیت کو بھی نمایاں کیا۔×

Centre Clinic Display Rates

مرکز نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے اِس بات کو یقینی بنانے کو کہا ہے کہ طبی مراکز کی جانب سے خدمات اور دواؤں کے بدلے لی جانے والی رقم کو جلی حروف میں نمایاں کیا جائے۔ اِس عمل کا مقصد مریضوں کو آگاہی پر مبنی فیصلہ سازی کے قابل بنانا، بلنگ سے متعلق تنازعات سے بچنا اور صحت دیکھ بھال خدمات کے شعبے میں اعتماد کو تقویت دینا ہے۔

مرکزی صحت سکریٹری پُنیہ سلیلا سریواستو نے اِس بارے میں سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے چیف سکریٹریوں کو خط لکھا۔ صحت دیکھ بھال کے شعبے میں قیمتوں سے متعلق شفافیت پر زور دیتے ہوئے محترمہ سریواستو نے کہا کہ قیمتوں کے نمایاں کئے جانے سے مریضوں اور اُن کے افرادِ خاندان کو علاج کے ممکنہ خرچ کو سمجھنے میں مدد ملے گی، آگاہی پر مبنی صحت فیصلہ سازی اور طبی اخراجات کو ترتیب دینا ممکن ہوسکے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC Bhanu Pratap Singh

اپنے خط میں مرکزی صحت سکریٹری نے قابل اطلاق انضباطی طریقۂ کار اور مناسب اقدامات کے ذریعے اِس بات کو یقینی بنانے کی ہدایت دی کہ صحت دیکھ بھال خدمات سے متعلق لی جانے والی رقوم اور معلومات واضح طور پر نظر آئیں اور مریضوں اور اُن کے رشتے داروں کی اِن تک آسان رسائی ہوسکے۔ صحت سکریٹری نے اِس سے متعلق تعمیل کے جائزے کی بات بھی کہی۔ ریاستوں سے کہا گیا ہے کہ وہ طبی اور آیوش ویزوں پر بھارت کا دورہ کررہے بین الاقوامی مریضوں کیلئے پیکیج کی قیمتوں کو شفاف طور پر نمایاں کریں۔ اِس قدم سے بین الاقوامی مریضوں کو باخبر متبادل چُننے، قیمتوں اور بلنگ سے متعلق شکایتوں سے نمٹنے اور طبی اور آیوش دیکھ بھال کیلئے بھارت کو قابل اعتماد مقام بنانے میں مزید مدد ملے گی۔

یہ قدم، صحت دیکھ بھال خدمات کی فراہمی کو مریضوں کیلئے زیادہ شفاف، جوابدہ اور ذمے دار بنانے کے تئیں مرکزی حکومت کی عزم کو بھی تقویت دیتا ہے۔

دِلّی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

Centre Sugar

مرکز نے مہاراشٹر اور کرناٹک کے گنا اُگانے والے کسانوں کی شکایتوں کے ازالے کیلئے ایک ہفتے کے اندر اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔ زراعت اور کسانوں کے بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان اور صارفین کے امور، خوراک اور عوامی نظامِ تقسیم کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کے ساتھ آج نئی دِلی میں مہاراشٹر اور کرناٹک کے گنا اُگانے والے کسانوں کے وفود کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ یہ کمیٹی، مرکزی حکومت اور مہاراشٹر اور کرناٹک کی ریاستی حکومتوں، کسان تنظیموں اور چینی ملوں کے نمائندوں کے ساتھ ساتھ ماہرین پر مشتمل سائنسدانوں پر مبنی ہوگی۔×

SC Centre Cancer Drugs

مرکز نے آج سپریم کورٹ کو اطلاع دی کہ اُس نے کینسر کے علاج کی دواؤں کے تجارتی منافع کی حد کو زیادہ سے زیادہ قیمت، MRP کے 30 فیصد تک مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مرکزی حکومت کی جانب سے پیش ہوئے سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل بینچ کو بتایا کہ مرکز، کینسر کے دواؤں کی فہرست جاری کرے گا، جن پر منافع کی زیادہ سے زیادہ حد نافذ ہوگی۔ جناب مہتا نے یہ بھی بتایا کہ اِس فہرست کو مقررہ وقت کے بعد اَپ ڈیٹ بھی کیا جائے گا، تاکہ بازار کی صورتحال اور صحت عامہ سے متعلق معاملات کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اضافی کینسر مخالف دواؤں کو اِس فہرست میں شامل اور مہنگی دواؤں کو فہرست سے حذف کیا جاسکے۔

رِی–ٹیلرس کو سپلائی کی جانے والی دواؤں کی قیمت اُن پر شائع کی جانے والی MRP کے درمیان پائے جانے والے فرق سے متعلق سپریم کورٹ کی جانب سے بار بار سوال پوچھے جانے کے بعد یہ پیش رفت ہوئی ہے۔ سپریم کورٹ نے معاملے کی اگلی سماعت کیلئے 27اکتوبر کی تاریخ مقرر کی ہے۔×

BRICS Theatre 2026

مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے آج نئی دلّی میں برکس تھیئٹر فیسٹیول 2026 کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب شیخاوت نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں، جب دنیا جغرافیائی و سیاسی کشیدگی، تنازعات اور بڑھتی غیر یقینی کا مشاہدہ کر رہی ہے، ثقافت بات چیت کے سلسلے کو آگے بڑھانے، اعتماد پیدا کرنے اور عالمی ہم آہنگی کو فروغ دینے میں ایک اہم رول ادا کرسکتی ہے۔ تھیئٹر کی ہمہ گیر اپیل پر زور دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ محبت، غم، بہادری اور آزادی کی خواہش جیسے جذبات، لسانی اور ثقافتی اختلافات سے بالاتر ہیں۔

آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں نیشنل اسکول آف ڈراما کے ڈائریکٹر چترنجن ترپاٹھی نے کہا کہ اِس تین روزہ فیسٹیول میں تھیئٹر کے 10 گروپوں کی جانب سے 11 ڈرامے پیش کئے جائیں گے۔

اِس تین روزہ فیسٹیول میں بھارت، تھائی لینڈ، انڈونیشیا، روس، ویتنام، ایران، جنوبی افریقہ، قزاخستان اور ایتھوپیا شرکت کر رہے ہیں۔×

Shah BIMSTEC

بھارت کل نئی دلّی میں وزرائے داخلہ کی پہلی **BIMSTEC** میٹنگ کی میزبانی کرنے والا ہے، لہٰذا وزیرداخلہ امت شاہ نے سبھی شرکت کرنے والے وزرائے داخلہ اور رُکن ممالک کے وفود کا خیر مقدم کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب شاہ نے کہا کہ یہ میٹنگ دہشت گردی سے نمٹنے، ایک دوسرے کے ملکوں میں منظم جرائم، منشیات کے غیر قانونی کاروبار، غیر قانونی طریقے سے رقومات فراہم کرنے اور سائبَر خطرات کے سلسلے میں **BIMSTEC** ممالک کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ فیصلہ کُن تال میل کے ذریعے ممالک ایک محفوظ، مضبوط اور زیادہ قابل بھروسہ **BIMSTEC** خطے کی تشکیل کیلئے عہد بستہ ہیں۔**x**

PM 25 Years FDI Policy

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے **25**سال مکمل کر لیے ہیں۔ ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار **2047** تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج **FDI** پالیسی کے ذریعے اِس وژن کو حقیقی شکل دینے کا جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

VC Anand Kumar

گزشتہ دہائی میں راست غیرملکی سرمایہ کاری، **FDI** کی بھارت کی پالیسی میں بڑے پیمانے پر اصلاحات ہوئی ہیں، جہاں حکومت نے ملک میں بڑے پیمانے پر غیرملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کیلئے شعبہ جاتی ضوابط میں نرمی کی۔ حکومت نے دفاع، ٹیلی مواصلات، بیمہ اور خلاء جیسے اہم شعبوں میں راست غیرملکی سرمایہ کاری کو آسان بنایا۔ اِس کے تحت دفاع کے شعبے میں **74**فیصد اور ٹیلی کام، بیمہ اور خلاء کے شعبے میں **100**فیصد راست غیرملکی سرمایہ کاری کی اجازت دی گئی۔ ملک میں سال **2014**سے **2025**کے درمیان **748**ارب امریکی ڈالر کی ریکارڈ سرمایہ کاری ہوئی۔ ساتھ ہی بھارت میں سرمایہ کرنے والے ممالک کی تعداد **89**سے بڑھ کر **112**ہوگئی۔

نئی دِلّی میں روزگار میلے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ آج بھارت میں **100**سے زیادہ ممالک **FDI** کے ذریعے سرمایہ کاری کررہے ہیں۔

SB: Narendra Modi Take Byte from 9:30

FDI پالیسی اصلاحات، زیادہ سرمایہ کار دوست ماحول، سرمایہ کاری کے آسان

طریقۂ کار اور سرمایہ کاری کے ترجیحی عالمی مقام کے طور پر بھارت کی پہچان بنانے کی ملک کی کوششوں کی عکاسی کرتی ہیں۔
آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

GUJ BRICS Traditional and Indigenous Games

کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج گجرات کے احمدآباد میں ویر ساورکر اسپورٹس کمپلیکس میں برکس، روایتی اور دیسی کھیلوں کے مظاہرے 2026 گیمز کا افتتاح کیا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت کی جانب سے منعقدہ اِن گیمز کا انعقاد گجرات حکومت کے اشتراک سے کیا جا رہا ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے زور دے کر کہا کہ روایتی اور دیسی کھیل، ثقافتی شناخت کو تحفظ فراہم کرنے کی خاطر ایک پُل کے طور پر کام کرنے کے ساتھ ساتھ عالمی اشتراک کیلئے نئے امکانات بھی پیدا کرتے ہیں۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت کھیلو انڈیا پہل جیسے اقدامات زمینی سطح سے بین الاقوامی سطح تک کھیلوں کے ایک مضبوط ایکو نظام کو فروغ دے رہے ہیں۔

گجرات کے احمدآباد میں آئندہ بین الاقوامی تقریبات کا ذکر کرتے ہوئے گجرات کے نائب وزیر اعلیٰ ہرش سانگھوی نے دیسی کھیلوں کو تحفظ فراہم کرنے کی خاطر برکس ممالک کیلئے پانچ اہم اقدامات تجویز کئے۔x

Delhi Police Protest Site

دلّی پولیس نے احتجاج اور مظاہروں کیلئے تین نئے مقامات نامزد کئے ہیں: یہ ہیں رام لیلا میدان، براڑی میدان اور مشرقی دلّی میں CBD گراؤنڈ۔ ایک حکم نامے میں دلّی پولیس کے کمشنر انوراگ کمار نے اعلان کیا کہ جنتر منتر کو احتجاج کے نامزد مقام کی حیثیت سے ڈی نوٹیفائی کردیا گیا ہے۔ مرکزی وزارتِ داخلہ نے احتجاج اور مظاہروں کے شہریوں کے حق کو یقینی بنانے کیلئے مناسب، متبادل مقامات کی نشاندہی کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔ کمیٹی کی سفارشات کی بنیاد پر جنتر منتر کو احتجاج کے نامزد مقامات کی فہرست سے ہٹا دیا گیا ہے۔ دلّی پولیس نے کہا ہے کہ نامزد کئے گئے تین نئے مقامات پر احتجاج اور مظاہروں کے سلسلے میں تفصیلی اور نظرثانی شدہ SOPs علیحدہ جاری کئے جائیں گے۔x

DMRC Update

دِلّی میٹرو کارپوریشن، DMRC نے اطلاع دی ہے کہ دِلی میٹرو نیٹ ورک کے سبھی میٹرو اسٹیشنوں کے اِنٹری اور ایگزٹ گیٹ اَب کُھل گئے ہیں۔ سبھی متعلقہ میٹرو اسٹیشنوں پر میٹرو بدلنے کی سہولت بھی دستیاب ہے۔×

Nobel Prize Economics

اقتصادیات کے شعبے میں 2026 کا نوبیل پرائز، اقتصادیات کے امریکی ماہر Robert E. Hall اور مائیکل

Woodford کو دیا گیا ہے۔ اُنھیں اقتصادی صورتحال میں اچانک تیزی اور انحطاط کے دوران معیشت کو استحکام بخشنے کی خاطر پالیسی سازوں کی مدد کرنے کیلئے مائیکرو اکانومک ماڈل تیار کرنے کیلئے یہ ایوارڈ دیا گیا ہے۔ رائل سوئیڈش اکیڈمی آف سائنسز نے کہا ہے کہ اُن کے کام نے مالی پالیسیوں کو مستحکم کیا ہے اور اِس سے اقتصادی اُتار چڑھاؤ کے دوران حکومتوں اور مرکزی بینکوں کی صلاحیت میں بہتری آئی ہے۔

نوبیل کمیٹی نے کہا ہے اقتصادی ماہرین نے مستقبل کی اقتصادی صورتحال کے پیش نظر اِس بات پر مبنی ماڈل تیار کئے ہیں کہ کنبے اور کاروبار خرچ کرنے، بچت کرنے، سرمایہ کاری کرنے، قیمتیں طے کرنے کے سلسلے میں کس طرح فیصلے کرتے ہیں۔

Robert E. Hall اِسٹین فورڈ یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں جبکہ مائیکل Woodford کولمبیا یونیورسٹی کے پروفیسر ہیں۔ یہ انعام ایک کروڑ 20لاکھ سوئیڈش Kronor پر مبنی ہے اور دونوں ماہرین میں برابر تقسیم ہوگا۔x

Appointment

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 6ریاستوں کے گورنر مقرر کیے ہیں۔ اوم پرکاش ماتھر جو سکم کے گورنر تھے وہ اب کیرالم کے گورنر ہوں گے، راجندر وشوناتھ آرلیکر جو کیرالم کے گورنر تھے اب تمل ناڈو کے گورنر ہوں گے، برج موہن رام کو اڈیشہ کا جبکہ ڈاکٹر سُدھا یادو کو کرناٹک کا گورنر مقرر کیا گیا ہے۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل تک دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور چھتیس گڑھ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

آئندہ دو روز کے دوران تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، آندھرا پردیش، کیرالم اور ماہے میں بھی اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔x

CJI India Bloc Meeting

بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سوریہ کانت نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے دروازے سبھی کیلئے کُھلے ہیں اور کسی بھی عام شہری یا کسی منتخبہ ادارے کے رکن کی جانب سے داخل کی گئی عرضی کا خیرمقدم ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہر بھارتی شہری کو عدالت سے رجوع ہونے کا حق حاصل ہے اور عدالت اُن کی شکایتوں کو سنے گی اور قانون کے مطابق راحت دے گی۔

جسٹس سوریہ کانت نے نئی دِلّی میں انسانی حقوق کے قومی کمیشن، NHRC کے 33ویں یومِ تاسیس پر یہ بات کہی۔ INDIA اتحاد کی جانب سے ملاقات کے مطالبے پر جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ اُنہیں گزشتہ روز ملاقات کا وقت مانگنے والی چِٹھی موصول ہوئی اور اُنہوں نے کل رات اِس کا جواب دیا اور اِس بات کی وضاحت کی کہ وہ کیوں ملنے سے قاصر ہیں۔x

Riyadh Airport Attacks

سعودی عرب نے ریاض میں شاہ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر کام کاج کو معطل رکھنے میں توسیع کی ہے۔ ختمِ ہفتہ خطرناک حملوں کے پیشِ نظر حکام کی جانب سے سلامتی کے سلسلے میں معائنے جاری رکھنے کی وجہ سے ایسا کیا گیا ہے۔ سعودی عرب نے آج ڈرون اور کروز میزائل کے سلسلے میں ایک بار پھر خطرے کی خبر دی ہے۔ شہری ہوا بازی کی جنرل اتھارٹی نے کہا ہے کہ متعلقہ اہلکاروں کے ساتھ تال میل میں سلامتی اور کام کاج کی تیاری کے سلسلے میں ہوائی اڈے کی سہولیات کے طریقۂ کار کا معائنہ ختم ہونے تک کام کاج معطل رہے گا۔ 10اور 11 اکتوبر کو ہوائی اڈے پر حملوں کے پیش نظر کام کاج کو معطل رکھنے میں توسیع کی گئی ہے، جس میں ایک بھارتی سمیت 14افراد ہلاک اور سینکڑوں زخمی ہوگئے تھے۔ اس سے سعودی عرب کیلئے فضائی خدمات میں رخنہ پیدا ہوا ہے اور ایئر لائنز نے اپنی پروازیں منسوخ یا معطل کردی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆